مترجمین کے ساتھ کام کرنے والے امدادی کارکنوں کے لیے حساس موضوعات پر چھ نکات

Translators without Borders نے Oxfam کے تعاون سے انسانی ہمدردی کے لیے چھ اہم نکات کی نشاندہی کی ہے جو اکثر مترجمین کے ساتھ حساس موضوعات پر کام کرتے وقت پیش آتی ہیں، اس کا مقصد سماجی لسانی رکاوٹوں کو دور کرنا اور مترجمین کی ذہنی صحت کو سپورٹ کرنا ہے -

"حساس موضوعات" سے ہمارا کیا مطلب ہے؟ یہ تشدد، بدسلوکی، استحصال، نیز صنفی مساوات، تولیدی صحت اور جنسی اصولوں اور طرز عمل سے متعلق ثقافتی طور پر حساس یا ممنوع مسائل ہوسکتے ہیں۔ بہت سے حساس موضوعات تحفظ کے کام سے متعلق ہوتے ہیں۔ تاہم، ان کا تعلق دیگر شعبوں جیسے صحت، نفسیاتی اور سماجی معاونت، اور پانی، صفائی اور حفظان صحت (WaSH) سے بھی ہے۔ مثال کے طور پر، WaSH اور صحت کے پروگراموں کو ماہواری پر بات کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، اور جنسی تشدد کے خطرات دونوں پروگرامز حفاظت اور پناہ گاہ کے کا مسئلہ ہو سکتے ہیں۔ مترجمین اور پروگرام کی ٹیموں کو صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال جیسے کووڈ-19 کی عالمی وبا میں اسی طرح کے حساس مسائل کو حل کرنا پڑ سکتا ہے۔

TRANSLATORS WITHOUT BORDERS

ہمارے تجربے کے مطابق ... لہذا، آپ کوشش کر سکتے ہیں

انسانی ہمدردی کے پروگراموں میں شاذ و نادر ہی شامل ہوتے ہیں

1 ... ترجمہ کرنے کی ضرورت کا جائزہ لیں

ترجمہ کرنے والوں کو اس بنیاد پر بھرتی کریں اور تربیت دیں

یقین دلاتا ہے کہ کمیونٹی کے ممبران ممکنہ طور پر کلیدی الفاظ کی آپ کی سمجھ بوجھ سے اتفاق کریں گے۔

مشکل اصطلاحات، مخففات، اور ایکرونمز کے استعمال سے گریز کریں جن کے لیے کسی مخصوص موضوع کے حوالے سے علم کی ایک خاص حد درکار ہوتی ہے، علاوہ ا یہ کہ جہاں ان کا استعمال متعلقہ اور مناسب ہو۔
آپ کس کے ساتھ، کس بارے میں، اور کن جگہوں/سیاق و سباق میں بات کرنا چاہتے ہیں۔

اس بارے میں واضح رہیں کہ آپ ترجمہ کرنے والوں سے کیا توقع رکھتے ہیں، بشمول 'باخبر رضامندی' کو سمجھنے کے۔ ترجمہ کرنے والوں کو حتی الامکان وہ سب کچھ کہنا چاہیے جو آپ اس شخص یا لوگوں سے کہتے ہیں جن سے آپ بات کر رہے ہیں اور اسی طرح ان کی بھی ہر بات آپ کو بتانی چاہیے۔ انہیں اپنی ذاتی رائے شامل نہیں کرنی چاہیے، کسی بھی تفصیل کو چھوڑنا نہیں چاہیے، لوگوں کے ساتھ اپنی بات چیت نہیں کرنی چاہیے یا لوگوں پر آپ سے بات کرنے کے لیے کوئی دباؤ نہیں ڈالنا چاہیے۔

آپ جن متاثرہ افراد کے ساتھ کام کر رہے ہیں ان کی مخصوص عمر، صنفی، معذوری اور دیگر متنوع خصوصیات پر توجہ دیں۔

متاثرہ افراد اور مترجمین یا ان کے اہل خانہ کو غیر ارادی نقصان سے بچانے کے لیے ایک محفوظ پروگرامنگ **اور** خطرے کا تجزیہ کریں۔

جہاں تک ممکن ہو طبی لحاظ سے کمزور لوگوں سے بات چیت کرنے کے لیے خاندان کے افراد پر انحصار کرنے سے گریز کریں اور اس کی بجائے

مترجموں کو سیکٹر کی مخصوص انڈکشنز/ معلومات فراہم کریں، مثال کے طور پر سیاق و سباق سے متعلق بنیادی تحفظ کے مسائل پر، تاکہ انہیں مؤثر طریقے سے تیاری میں مدد ملے۔ انہیں موقع دیں کہ وہ آپ سے کسی بھی تکنیکی اصطلاح
اور تصور کے بارے میں سکون کے ساتھ سوال پوچھ سکیں۔

یاد رکھیں کہ زبان میں طاقت ہوتی ہے۔ اگر نیت اچھی ہو لیکن الفاظ کا انتخاب برا ہو تو یہ نفع کی بجائے زیادہ نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔

تربیت یافتہ ترجمہ کرنے والوں کا استعمال کریں۔

کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ کسی بھی قسم کے بات چیت سے پہلے مقامی زبانوں میں کلیدی الفاظ اور تصورات کے مناسب اور قابل احترام تراجم کے سلسلے میں مترجمین سے بات چیت کریں
ترجمہ کرنے والوں کو اپنے کام پر زیادہ اعتماد اور آپ کو

کچھ زبانوں میں، ہو سکتا ہے کہ حساس مسائل کے لیے الفاظ موجود نہ ہوں یا اگر ہوں، تو ہو سکتا ہے وہ بدنامی کا باعث بنیں یا کمیونٹی کے اراکین کو عام طور پر معلوم نہ ہوں۔

2

اس میں انگریزی میں انسانی ہمدردی سے متعلق اور تکنیکی اصطلاحات اور تصورات بھی شامل ہو سکتے ہیں جن کا دوسری زبانوں میں واضح طور پر ترجمہ کرنا مشکل ہوتا ہے۔ "کیس" ("مریض" یا "بیمار شخص" کے بجائے) جیسی اصطلاحات کی غلط تشریح کی جا سکتی ہے یا ان کے بارے میں سمجھا جا سکتا ہے کہ ان میں ہمدردی کم ہے۔ اگر مترجمین ایسے الفاظ استعمال کرتے ہیں جو غیر جانبدار یا سمجھ میں آنے والے نہیں ہوتے، تو اس سے کمیونٹی کے ممبران کے مشورے میں شامل ہونے یا اس پر عمل کرنے کا طریقہ متاثر ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، ایک عورت جس کے ساتھ جنسی زیادتی کی گئی ہو وہ ہو سکتا ہے پوسٹ ایکسپوژر پروفیلیکسس تک رسائی کی فوری ضرورت کو نہ سمجھ سکے۔
اسے صحیح طریقے سے شروع کریں اور وسائل دیں ۔

پروفیشنل ترجمہ کرنے وانوں کے لیے مناسب بجٹ کا انتظام کریں اور اکثر غیر رسمی ترجمہ کرنے کے لیئے اپنے عملے یا کمیونٹی کے اراکین پر انحصار کرتے ہیں۔ اس سے معیار اور رازداری دونوں کے بارے میں تشویش پیدا ہوتی ہے۔

مثال: ہاؤسا میں، جو شمال مشرقی نائیجیریا میں تنازعات سے بے گھر ہونے والے لوگوں کی بولی جانے والی 30 سے زیادہ مادری زبانوں میں سے ایک ہے، "ذہنی صحت" کے لیے عام لفظ کا ترجمہ "پاگل" ہے۔ دماغی صحت کا ایک کلینک جس نے بظاہر زبان کی کوئی تحقیق نہیں کی تھی، اس نے اشتہاری سائن پر "پاگلوں کے لیے خدمات" لکھا ہوا تھا۔ اس ناقص ترجمے میں ایک بہت بڑی بدنامی ہے، جو ممکنہ طور پر لوگوں کو ایسی خدمات سے دور رکھتا ہے جن سے وہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

2

ہمارے تجربے کے مطابق ... لہذا، آپ کوشش کر سکتے ہیں ... 3

کمیونٹیز اکثر بالواسطہ زبان استعمال کرتی ہیں یا

مخصوص الفاظ کا ترجمہ کیسے کریں یا

ترجمہ کرنے والوں کو تربیت دیں کہ مندرجہ ذیل کو دستاویز کریں

تصورات کے بارے میں مزید بات چیت کرنے کے لیے کمیونٹی کے ان اراکین کو شامل کرنے پر غور کریں جن کے ساتھ آپ نے اعتماد کا رشتہ استوار کیا ہے۔ ان تراجم کی ایک لغت بنائیں اور ضرورت کے مطابق اس میں نئے الفاظ شامل کریں اور دوسروں کو بتائیں تاکہ وہ بھی آپ کے کام سے مستفید ہو سکیں۔

کمیونٹی کے اراکین اور ترجمہ کرنے والوں ا سے ثقافتی طور پر موزوں جگہ کے بارے میں مشورہ کریں جہاں حساس موضوعات پر با عزت طریقے سے بات کی جا سکے۔

سامنے شرمندگی یا ان کی ناراضگی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ وہ پرائیویسی / ذاتی زندگی کی ایک اضافی پرت شامل کر سکتے ہیں، خاص طور پر پناہ گزین کیمپوں جیسے سیاق و سباق میں جہاں پرائیویٹ جگہ کم ہوتی ہے۔

زبان اور بالواسطہ و شائستہ الفاظ اور واضح کریں کہ ان کا کیا مطلب ہے۔ یہ حساس مسائل پر بات کرنے کے لیے استعمال ہونے والی مقامی زبان کی سمجھ بوجھ دیتا ہے اور ان مسائل کو حل کرنے کے طریقے کو بہتر بناتا ہے۔

حساس موضوعات کے بارے میں بات کرنے کے لیے اشاروں والی زبان کا استعمال۔ یہ متاثرہ لوگوں کے تجربات اور خدشات کے بارے میں غلط فہمیوں یا ان کی غلط رپورٹنگ کا باعث بن سکتا ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ، بالواسطہ اور نرم زبان ان موضوعات کے بارے میں بات کرنے کی دشواری کو کم کر سکتے ہیں جن پر عوامی سطح پر بات نہیں کی جا سکتی ہے یا جہاں انہیں سننے سے دوسرے لوگوں کے

مثال: جمہوریہ کانگو میں، ایبولا کی کچھ علامات اور تولیدی اعضاء، جنسی اور جسمانی رطوبتوں سے متعلق الفاظ عوام میں استعمال ہونے پر شرمندگی کا باعث بنتے ہیں۔ اسہال یا ایبولا کی جنسی منتقلی کے بارے میں بات کرنا، خاص طور پر ایسی صورت حال میں جہاں دوسرے لوگ سن سکتے ہیں، بے عزتی سمجھا جاتا ہے۔ جیسا کہ بینی میں ایک خاتون نے کہا، "ایسی اصطلاحات ہیں جو ہم عوام میں، باہر نہیں کہتے ہیں جہاں کوئی بھی سن سکتا ہے۔ آپ نے دیکھا، یہاں آنے والے ہیلتھ ورکرز کی ثقافت میں ایبولا کے لیے کوئی باعثِ شرم بات نہیں ہے۔ وہ عوام میں کچھ بھی کہہ دیتے ہیں اور اس سے مریض کی بدنامی ہوتی ہے۔

ساتھ بات چیت کرنے جا رہے ہیں اس کی جنس، عمر اور معذوری کے لحاظ سے کس طرح حساس مسائل پر گفتگو کرنی ہے۔

تربیت یافتہ خواتین اور اشاروں کی زبان کے ترجمہ کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ کریں۔ ایسے حالات یا زبانوں میں جہاں ترجمہ کرنے والوں کو تلاش کرنا مشکل ہو، ان کا ایک انٹر ایجنسی پول ایک حل ہو سکتا ہے۔

خواتین ان موضوعات پر کسی مرد یا کسی مختلف نسلی گروہ کے فرد کے ساتھ کھل کر بات کرنے سے بھی گریزاں ہو سکتی ہیں۔ اسی طرح کی باتوں کا دھیان رکھنا چاہیے جب حساس موضوعات پر بچوں اور معذور افراد کے ساتھ گفتگو کی جائے، خاص طور پر ایسی معذوری کی صورت میں جو بات چیت کو متاثر کرتی ہے۔

ترجمہ کرنے والوں کو تربیت دیں کہ وہ جس شخص کے

زبان صنفی ہو سکتی ہے۔ ایک کمیونٹی میں خواتین مردوں سے مختلف الفاظ استعمال کر سکتی ہیں، خاص طور پر خواتین کے جسم اور جنسیت سے متعلق حساس موضوعات کے لیے۔

4

مثال: بنگلہ دیش کے پناہ گزین کیمپوں میں، روہنگیا خواتین نے سماجی ثقافتی رکاوٹوں اور علیحدگی کے جواب میں اپنی ایک سماجی بولی تیار کی ہے۔ اس سماجی بولی کے کچھ الفاظ یا بالواسطہ و شائستہ جملے روہنگیا مردوں کو آسانی سے سمجھ میں نہیں آتے۔ مثال کے طور پر ‘حیض’ حیض کے لیے ایک علمی لفظ ہے جو عربی سے مستعار لیا گیا ہے۔ تاہم، بہت سی نوجوان خواتین اس لفظ کو کہنا پسند نہیں کرتی ہیں۔ وہ بالواسطہ لفظ غسل استعمال کرنے کو ترجیح دیتی ہیں، جس کا لفظی مطلب ہے "نہانا"۔

3

ہمارا تجربہ بتاتا ہے کہ... لہذا، آپ درج ذیل کی کوشش کر سکتے ہیں ... 5

اسی مترجم کے ساتھ کام کرنا

یقینی بنائیں کہ ترجمہ کرنے والے دستیاب ہیں

ترجمہ کرنے والوں کا انتخاب کرتے وقت عمل کریں

ضرورت ہے، بشمول بوڑھے اور معذور افراد۔ ان کے ساتھ شمولیت کے مسائل پر پہلے سے بات کرنے پر غور کریں، جیسے کہ سماعت یا بصارت سے محروم لوگوں کو کس طرح شامل کیا جائے۔

فعال طور پر رائے حاصل کریں اور اس پر عمل کریں اور ابتدائی تربیت کے بعد ترجمہ کرنے والوں کی مدد جاری رکھیں۔

عملے، کنسلٹنٹس یا کنسٹرکشن مینیجر کے ساتھ کریں گے۔

انہیں ضابطۂ اخلاق، حفاظتی طریقہ کار، رازداری، ڈیٹا کی حفاظت اور نفسیاتی ابتدائی طبی امداد کے بارے میں تربیت اور وسائل فراہم کرنے کے لیے اس زبان میں تیار کریں جس میں وہ بات کرنا چاہیں۔

ترجمہ صرف اسی صورت میں بہتر کام کرتا ہے جب اس میں شامل ہر شخص اس عمل پر بھروسہ کرے۔

کسی بھی ایسے شخص کے ساتھ بات چیت کی مدد کریں جسے اس کی

جس کا پس منظر ہدف شدہ کمیونٹی والا ہے، اس سے اعتماد پیدا ہو سکتا ہے اور زیادہ درست تراجم کی سہولت مل سکتی ہے، لیکن اگر صحیح طریقے سے انتخاب اور تربیت نہ کی گئی ہو تو ترجمہ کرنے والے کمیونٹی کے اراکین کے لیے خطرہ بھی بن سکتے ہیں۔

ایک جیسے چیکس رکھیں اور وہی حفاظتی اقدامات کریں جو آپ دوسرے

مثال: یونان میں 2015 کے مہاجرین کے بحران کے دوران، بلوچی پناہ گزینوں نے بلوچوں اور پاکستانی ریاست کے درمیان سیاسی کشیدگی کی وجہ سے پاکستانی ترجمہ کرنے والوں پر اعتماد نہ کرنے کی رپورٹ کی تھی۔ پناہ گزینوں کو خدشہ تھا کہ ترجمہ کرنے والوں کو بھاگنے کی وجوہات بتانے سے پاکستان میں ان کے گھر والوں پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ شاید اس وجہ سے درخواستوں کے پہلے دور میں وہ پناہ حاصل کرنے میں ناکام رہے تھے۔

ڈیبریفنگ میں ترجمہ کرنے والوں کو شامل کریں اور ان کے تجربے اور ان کو درکار مدد کے بارے میں ان کی رائے طلب کریں۔

کریں، بشمول خود کی دیکھ بھال کی تربیت، اور ان کے تعاون کو پہچانیں اور انعام دیں۔

مترجمین سے پوچھیں کہ متاثرہ لوگوں کے ساتھ بات چیت کے دوران کون سے چیلنجز پیش آ سکتے ہیں، اور ان کو کیسے کم کیا جائے

وقت سے پہلے۔ اس میں متعلقہ افراد کے درمیان جسمانی فاصلہ برقرار رکھنے کی ضرورت پر غور کرنا، انہیں ذاتی حفاظتی سامان فراہم کرنا، یا حفاظت یا صحت عامہ کے خدشات کی وجہ سے موبائل ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے دور سے ترجمہ کرنے کا بندوبست کرنا شامل ہے۔

لاحق تمام خطرات ہیں۔

یہ خاص طور پر متعلقہ ہو سکتے ہیں جب ترجمہ کرنے والے متاثرہ کمیونٹی کے ممبر ہوں۔ وہ سیٹنگ جس میں کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ بات چیت ہوتی ہے ترجمہ کرنے والوں کے لیے اضافی پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔

ترجمہ کرنے والوں کو ذہنی صحت سے متعلق معاونت کے وسائل تک رسائی دیں، قطع نظر اس کے کہ وہ رسمی یا غیر رسمی کردار میں کام کرتے ہیں۔

ترجمہ کرنے والوں کو پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع فراہم

6

ترجمہ کرنے والے اکثر دباؤ میں کام کرتے ہیں اور ترجمہ کرتے وقت تکلیف دہ مواد سے نمٹتے ہیں۔ اضطراب، افسردگی، تناؤ، اکتاہٹ اور خطرناک صدمے ترجمہ کرنے وانوں کو

4

اضافی وسائل

Field guide to humanitarian interpreting and cultural mediation ,Translators without Borders

Glossaries ,Translators without Borders

What Did They Say? Interpreting for Social Justice - An Introductory Curriculum ,Highlander Research and Education Center

Conflict Zone Field Guide for Civilian Translators/Interpreters and Users of Their Services ,Red T

کیا آپ کے پاس اس ٹپ شیٹ کے مواد کو بہتر بنانے کے لیے کوئی تجویز ہے؟ براہ کرم ہمیں بھیجیں!

کیا آپ چاہیں گے کہ یہ ٹپ شیٹ کسی دوسری زبان میں دستیاب ہو؟ رابطہ کریں!

رابطے کی تفصیلات: info@translatorswithoutborders.org

TRANSLATORS
WITHOUT BORDERS